Supplication for sick person

جب بیمار پرسی کے لیے کسی بیمار کے پاس جائے تو مریض کے بدن پر ہاتھ رکھ کر ان دعاؤں کو پڑھے یا ان میں سے جسے چاہے پڑھے۔ رسول اللہ ﷺ بیمار کے پاس ان دعاؤں کو پڑھتے تھے:

لَا بَأْسَ طَهُورٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ، لَا بَأْسَ طَهُورٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

''خوف و ہراس والی کوئی بات نہیں، اگر اللہ چاہے تو یہ بیماری گناہوں کو پاک کرنے والی ہے۔''

صحیح بخاری

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا وَرِيْقَةُ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

''اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، یہ ہماری زمین کی مٹی ہے اور ہمارے بعض کا تھوک ہے، تاکہ اللہ کے حکم سے ہمارا بیمار اچھا ہو جائے۔''

صحیح بخاری

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآئُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا

''اے تمام لوگوں کے پروردگار! تکلیف کو دور فرما کر شفا دے، تو ہی شفا دینے والا ہے تیری ہی شفا ہے، ایسی شفا مرحمت فرما جو بیماری کو نہ چھوڑے۔''

صحیح بخاری

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ
شَيْءٍ اَوْعَيْنٍ حَاسِدٍ، اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ

''اللہ کے نام سے تجھ پر دم کرتا ہوں ہر اس چیز کی برائی سے جو تجھے ایذا پہنچائے اور ہر چیز کی برائی اور حسد کرنے والی آنکھ کی برائی سے، اللہ تجھے شفا دے، اللہ کے نام سے یہ دم کر رہا ہوں۔''

صحیح مسلم

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ دَآءٍ يَشْفِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ
حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ عَيْنٍ)) 1 ((اَللّٰهُمَّ اشْفِ
عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِيْ لَكَ اِلٰى جَنَازَةٍ)) 2

''اللہ کے نام سے تجھ پر دم کرتا ہوں، اللہ تجھے ہر بیماری سے شفا دے، ہر حاسد کی برائی سے، اور نظر والی آنکھ کی برائی سے، اے اللہ! اپنے بندے کو شفا دے جو تیرے دشمن کو زخمی کرے گا اور تیری خوشنودی کے لیے جنازے کی طرف چلے گا۔''

1**صحیح**، مسند حمد. 2**اسناده حسن**، سنن ابی داود

اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ، اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ

''اے اللہ! اس کو شفا دے۔ اے اللہ! اسے عافیت دے۔''

اسناده حسن، سنن الترمذی

أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَشْفِيَكَ

''مانگتا ہوں میں بزرگ و برتر اللہ سے جو عرش عظیم کا رب ہے یہ کہ وہ تجھے تندرست کر دے۔''

صحیح، سنن ابی داود